شمارہ نمبر **26**

مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان


# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST


اپریل 2009


### القرآن

قسم ہے عصر کی۔
بے شک انسان خسارے میں ہے
مگر وہ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے
اور آپس میں حق بات اور صبر کی نصیحت کرتے رہے۔

(سورۃ العصر)

### الحدیث

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
اے لوگو! آگ سے بچنے کی فکر کرو
اگر ایک کھجور کا آدھا حصہ ہی تمھارے پاس ہو تو
اس کو دے کر آگ سے بچو۔

(بخاری۔ مسلم)


E-mail: info@get.org.pk

144/2۔ ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966

Visit us: www.get.org.pk


## غریب اور مستحق طلبہ وطالبات کے لئے امدادی سامان کی روانگی



قرآن کریم کی آیت ہے کہ "اور امانت داروں کی امانتیں امانت داروں کے سپرد کرو"۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو ڈونرز کی جانب سے جو امداد مہیا کی جاتی ہے وہ اس امداد کا صحیح استعمال کرنا اور انہیں ان تک با حفاظت پہنچانا کہ جن کیلئے وہ ملتی ہے، اپنے اوپر واجب سمجھتے ہیں۔ یہ امانت پیسوں کی صورت میں بھی ہوتی ہے اور امدادی سامان مثلاً پانی کے کولر، الیکٹرک کے آلات پنکھے، ٹیوب لائیٹیں، سٹیشنری کا سامان وغیرہ کی صورت میں بھی۔ یہ تمام سامان مستحق اور نادار طلبہ وطالبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

رواں سہ ماہی میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں موصولہ امدادی فنڈ سے تمام غزالی کے سکولوں کے غریب اور نادار طلبہ وطالبات کے لئے کتابیں، کاپیاں، سکول بیگ، یونیفارم، جوتے، پنسل، شاپنر، ربڑ، کلر پنسلیں اور سٹیشنری کا دیگر ضروری سامان خریدا گیا جو غزالی ہیڈ آفس سے تمام سکولوں میں بھیجا گیا جہاں طلبہ وطالبات نے سامان وصول کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ نئے سیشن کا آغاز پورے اعتماد کے ساتھ کریں گے اور نئی کتابوں اور کاپیوں کی یہ امداد ان کا تعلیمی سفر جاری رکھنے میں معاون ثابت ہوگی۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے امدادی سامان بھیجنے کے موقع پر اپنے تمام ڈونرز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مستحق اور نادار طلبہ وطالبات کی کفالت اور ان کے تعلیمی اخراجات کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے۔ سید عامر محمود نے معاونین کو اس امر پر بھی اطمینان کا اظہار کرایا کہ ان کی جانب سے دی جانے والی امانتیں اصل حقداروں تک پہنچانے کے لئے ٹرسٹ دن رات کوشاں رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم شکریہ ادا کرتے ہیں اپنے تمام ڈونرز کا جو علم کی شمع روشن کرنے کی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دے رہے ہیں۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی ان کا تعاون ہمارے ساتھ جاری رہے گا۔

## فاؤنڈیشن آف فیتھ فل کے تعاون سے سکول بلڈنگ کی تعمیر

فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (ایف او ایف) نے فروغ تعلیم کے سلسلے میں ہمیشہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ساتھ دیا ہے۔ اکتوبر **2005**ء کے تباہ کن زلزلے کے بعد متاثرہ علاقوں میں تعلیمی اور دیگر سرگرمیاں ماند پڑیں تو ان کی بحالی کے لئے جہاں دیگر ممالک کی فلاحی اور رفاہی تنظیموں نے ان علاقوں کی منجمد زندگیوں بحالی کے لئے کام کا آغاز کیا وہیں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے بھی ایف او ایف کے تعاون سے اپنا حصہ ڈالا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے متاثرہ علاقوں میں تعلیمی سرگرمیوں کو دوبارہ شروع کرنے کے لئے عملی جدوجہد کا آغاز کیا اور اس طرح عمارات کی عدم موجودگی میں خیموں میں سکول شروع کرنے اور تعلیم وتدریس کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ امریکہ میں بسنے والی مسلمانوں کی معروف فلاحی ورفاہی تنظیم فاؤنڈیشن آف فیتھ فل (ایف او ایف) نے پہلے دن سے ہی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ مل کر سکولوں میں تعلیم اور ان کی تعمیر کا بیڑا اٹھایا۔ آج فاؤنڈیشن آف فیتھ فل کے تعاون سے زلزلہ زدہ علاقوں میں **14** سکولز، ہزاروں طلبہ وطالبات کو تعلیم کے ذریعے ایک بہتر زندگی گزارنے کا درس دے رہے ہیں۔ آج سے ایک سال قبل ایف او ایف نے بٹ کرڑ کے مقام پر چلنے والے خیمہ سکول کو ایک **Purpose Build** عمارت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ الحمد اللہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بٹ کرڑ کی تکمیل ہو چکی ہے اور انشا اللہ العزیز دریائے کنہار کے کنارے پر واقع اس خوبصورت سکول کا آغاز ماہ مئی کے وسط میں ہوا اور مختصر اور نامکمل کمروں میں اپنی تعلیم جاری رکھنے والے تمام طلبہ وطالبات اس خوبصورت بلڈنگ میں منتقل ہو چکے ہیں۔ بٹ کرر سکول کا افتتاح یو ایس اے میں مقیم ایف او ایف کے بورڈ ممبر خواجہ محمود علی نے اپنے خصوصی دورہ پاکستان کے دوران کیا۔ اس ضمن میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹوڈائریکٹر سید عامر محمود نے ایف او ایف کے بورڈ ممبران کا شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے انہیں یہ منزل ملی۔ سید عامر محمود نے اس امید کا اظہار کیا کہ خیموں سے بلڈنگ تک کا یہ سفر بچوں کی تعلیمی کارکردگی پر مثبت اثرات مرتب کرے گا اور تعلیم حاصل کرنے کے معاملے میں ان کے ذوق وشوق میں مزید اضافہ ہوگا۔

## حرفِ آغاز

نئی تعلیمی پالیسی کی آمد آمد ہے۔ بد قسمتی سے ساٹھ سال گزر جانے کے بعد بھی ہمارا موجودہ نظام تعلیم سمت ومنزل کے تعین اور کسی اعلیٰ نصب العین کی روح سے خالی ہے۔ محض حصول معاش اس کا واحد مقصد ہے اور اب یہ واحد مقصد بھی عام معیار تعلیم کی پستی اور تعلیم یافتہ افراد میں مطلوبہ مناصب کے لئے اہلیت وصلاحیت کے فقدان کے باعث اپنی موت آپ مر رہا ہے۔ آج ہمارے تعلیمی اداروں میں جو تعلیم دی جارہی ہے وہ صرف معلومات کی منتقلی تک محدود ہے جس سے اندر کا انسان تبدیل نہیں ہوتا بلکہ ویسا ہی رہتا ہے۔ تعلیم تو وہ عمل ہے جو انسان کو مکمل طور پر بدل ڈالے اور اس کی مکمل تربیت ہو جائے۔ جو تعلیم تربیت نہیں کرتی وہ تعلیم نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے علامہ اقبال نے کہا تھا:

اٹھا میں مدرسہ وخانقاہ سے نمناک
نہ زندگی، نہ محبت، نہ معرفت، نہ نگاہ

رائج الوقت تعلیمی پالیسی میں تعلیم کی طبقاتی بنیادوں کو برقرار رکھا گیا ہے اور موجودہ بوسیدہ ڈھانچہ بدلے بغیر محض رنگ وروغن تبدیل کیا جارہا ہے۔ تعلیم کا طبقات میں تقسیم ہونا عدل کی پامالی اور اہلیت کی بنیاد پر مسابقت کے مساوی حق کی نفی ہے۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے گاؤں، دیہاتوں میں پھیلے سینکڑوں تعلیمی ادارے اس ناانصافی کے خلاف عملی جدوجہد کا نقطہ آغاز ہیں، اس لئے کہ:

شکوہ ظلمتِ شب سے تو کہیں بہتر تھا
اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

سید وقاص انجم جعفری
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

# صحت مند دماغ صحت مند معاشرہ جنم دیتا ہے

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ
کے تحت اضلاع کی سطح پر منعقدہ



## ''چلڈرن فیسٹیول''

پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کی سالانہ پلاننگ کے مطابق اس سال مختلف اضلاع کی سطح بڑے پروگرامات کا انعقاد کیا گیا۔ضلع وہاڑی ،ضلع راولپنڈی ، اسلام آباد ،ضلع مانسہرہ ، بٹگرام ،ضلع سرگودھا کے تمام سکولز کے طلباء نے ''چلڈرن فیسٹیول'' میں بھر پور جوش وجذبہ کے ساتھ شرکت کی ۔ اس سلسلے میں راولپنڈی کا پروگرام آھدی میں، وہاڑی کا پروگرام چڑیا گھر وہاڑی، سرگودھا کا پروگرام دھریمہ میں ،جبکہ NWFP مانسہرہ کا پروگرام بالاکوٹ میں ہوا۔ان پروگرامات میں طلباء کے والدین ،اہلیان علاقہ اور مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھی شرکت کی ۔راولپنڈی کے پروگرام میں مہمان خصوصی راجہ احمد عزیز بھٹی تھے جبکہ پروگرام کوارڈینیٹر PREP طارق جاوید بھی اس موقع پر موجود تھے ۔راولپنڈی فیسٹیول میں نعت میں حمزہ غفور جبکہ ملی نغموں میں غزالی ایجوکیشن سکول آھدی سے تعلق رکھنے والی بچی نے فرسٹ پوزیشن حاصل کی اور تقاریر کے مقابلوں میں ڈونگی سکول کے بچوں نے مقابلہ جیتا ۔ بعد ازاں مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں آھدی سکول کے طلبہ و طالبات کی کارکردگی نمایاں رہی ۔ سرگودھا کے سپورٹس چلڈرن فیسٹیول میں مہمان خصوصی ملک محمد ریاض اختر اور حسین احمد گوندل ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر سوشل ویلفیئر نے نمایاں کارکردگی کے حامل طلبہ کو انعامات دیے۔


صوبہ سرحد کے اضلاع مانسہرہ اور بٹگرام جہاں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے زلزلہ زدہ علاقوں میں سکولز کا آغاز کیا ۔جس میں بہترین تعلیم اور بھر پور اعتماد کی فراہمی کے ذریعے ان کے دکھوں کا مداوا کرنے کی کوشش کی ۔انہی سکولز کے طلباء کیلئے ڈسٹرکٹ کی سطح پر بالاکوٹ میں فیسٹیول کا انعقاد کیا۔جس میں تمام سکولز کے طلباء نے بھر پور شرکت کی ،اور مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیکر دادِ تحسین وصول کی ۔اس پروگرام میں مہمان خصوصی صوبائی وزیر صنعت و تجارت سیّد احمد حسین شاہ، EDO ایجوکیشن مانسہرہ شاہ جی صاحب، ناظم یونین کونسل بالاکوٹ منیر احمد خان، امیر جماعت اسلامی بالاکوٹ شوکت خان صاحب و دیگر معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔


وہاڑی کے فیسٹیول میں ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عامر محمود چیمہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سیّد عامر محمود، پروگرام کوارڈینیٹرز محمد طارق جاوید، ندیم اشرف باجوہ۔ سیاسی وسماجی راہنما حاجی محمد طفیل وڑائچ ،مقامی MPA طاہر اقبال چوہدری ،گرین کراپ پرائیوٹ لمٹیڈ کے چیف ایگزیکٹو حافظ محمود احمد شاد ،ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر وہاڑی ریاض احمد سوہی، پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کے راہنماء میاں تنویر احمد ، ملک مقصود اطہر اعوان ،شباب ملی کے راہنما علی وقاص ہنجراہ نے بھی خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر معزز مہمانان نے بہترین کارکردگی کے حامل طلبہ و طالبات میں انعامات بھی تقسیم کئے ۔ انعامات کی تقسیم کے مرحلے کے بعد مہمانان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی غیر نصابی سرگرمیوں سے بچوں کی صلاحیتوں میں نکھار آتا ہے اور ان میں ایک دوسرے سے سبقت کا شوق پیدا ہوتا ہے اور کسی بھی معاشرے کی کامیابی کا دارومدار اس کے افراد یا بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما اور صحت مندانہ صلاحیتوں پر ہوتا ہے۔ان فیسٹیولز میں طلباء کی دلچسپی اور سہولت کیلئے کھانے پینے کی اشیا، کھلونوں اور دیگر اشیا کے سٹالز بھی لگائے گئے ،اور طلبہ وسکولز کی تصویری نمائش بھی لگائی گئی جن کو شرکاء نے بہت پسند کیا۔

اس موقع پر طلبہ وطالبات نے تلاوت ،نعت، نظموں، ملی نغموں، تقاریر ،کوئز پروگرامات کے مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔جبکہ پی ٹی شو، ٹیبلوز، خاکوں، ترانوں، اور مختلف سرگرمیوں کو بھی خوبصورت انداز میں پیش کر کے دادِ تحسین وصول کی۔

## ٹور ہیڈ آفس سٹاف

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کے سٹاف نے اسلام آباد اور مری کے پُرفضا اور خوبصورت مقامات اور کھیوڑہ میں نمک کی کان کے تاریخی مقام پر جانے کا فیصلہ کیا تاکہ قدرت کے حسین جلوؤں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر انہیں خیرہ کیا جائے ۔ اسلام آباد کے خوبصورت مناظر ، مری کے پُرفضا مقام کے علاوہ نتھیا گلی ، خانسپور اور ایوبیہ کے خطرناک زِگ زیگ موڑوں، اونچے نیچے راستوں اور برف پوش پہاڑوں سے لطف اندوز ہوتا ، تین دن کا یہ ٹور بخیر و عافیت واپس اپنی منزل پر پہنچ گیا۔





## والدین کی بچوں پر توجہ استاد کے لئے معاون ثابت ہوتی ہے

### والدین اور اساتذہ کے درمیان باہم مشاورت، بچوں کی کارکردگی پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے

غزالی سکولز شادن کنڈ، بہل، کونتریلہ، محمود والا، فیصل آباد سمیت بیشتر سکولوں میں ''یوم والدین'' اور پنجم و ہشتم کے طلبہ و طالبات کے لئے الوداعی پارٹیاں منعقد کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق شادن کنڈ برانچ میں ڈی ایم ایس جاوید اقبال، بہل برانچ میں ڈی ایم ایس بھکر و میانوالی اسلم خان و سابق ڈی ایم ایس رانا ناظم، کونتریلہ میں ناظم یونین کونسل شکیل احمد، محمود والا میں مہمان خصوصی اسلام فاروق، فیصل آباد میں ڈسٹرکٹ مینیجر نذیر احمد خان، جبکہ منڈانوالہ میں پ[illegible]ں میاں محمد اقبال کی زیر صدارت تقریبات منعقد کی گئیں۔ جن میں مہمانان خصوصی و صدورِ مجلس نے طلبہ کے لئے ان کی شاندار کامیابیوں کی دعا کی اور بچوں اور ان کے والدین کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے قیام اور مقاصد کے بارے میں تفصیلی آگاہ کیا اور عملی زندگی میں انہی مقاصد کے اپنانے پر زور دیا۔ بعد ازاں طلبہ کے والدین کو ان کے بچوں کی سالانہ کارکردگی سے بھی آگاہ کیا گیا اور تعلیمی امور پر تبادلہ خیال بھی ہوا۔



# تعلیم اور تفریح ساتھ ساتھ

## غزالی ایجوکیشن سکولز کے سالانہ سپورٹس ڈے اور مطالعاتی دورہ جات کی تفصیل



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے طے شدہ سالانہ شیڈول کے مطابق ٹرسٹ کے سکولوں میں سپورٹس ڈے کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف سکولوں کی جانب سے حاصل ہونے والی رپورٹوں کے مطابق غزالی ایجوکیشن سکول حاجی پور اور رکن پور کے درمیان کرکٹ میچ کھیلا گیا جس میں رکن پور سکول کی ٹیم نے فتح حاصل کی۔ جبکہ سیب کھانے کے دلچسپ مقابلے میں حاجی پور سکول کے طلبہ نے اول پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح دونوں سکولوں کے درمیان گنا کھانے کا مقابلہ بھی منعقد ہوا جس میں رکن پور سکول نے فتح حاصل کی جبکہ لانگ جمپ کے مقابلے میں دونوں سکول برابر رہے۔ اسی طرح ضلع رحیم یار خان اور بہاولپور کے تمام سکولوں میں بھی سپورٹس ڈے کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ طلبہ و طالبات کے درمیان مختلف گیمز کے مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر رحیم یار خان سراج الرحمان نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہا اور سکول انتظامیہ کو ایسے پروگرامات وقتاً فوقتاً کراتے رہنے کی طرف توجہ دلائی تاکہ بچوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ دریں اثناء غزالی سکولز منڈی بہاؤالدین، جھنگ، مانسہرہ، میں بھی کرکٹ، فٹبال، والی بال، ریس، رسہ پھلانگنا، غبارے پھوڑنا، رومال گیمز، ہائی جمپ، کبڈی، میوزیکل چیئر، آنکھ مچولی، کوئز مقابلے اور دوسری دلچسپ گیمز منعقد ہوئیں۔ ضلع سرگودھا کے سکولوں میں بچوں کے درمیان مذکورہ کھیلوں کے علاوہ مقابلہ حسن قرات، نعت خوانی، تقاریر اور ملی ترانوں کے مقابلہ جات بھی ہوئے۔ ان مواقعوں پر ان اضلاع کے بچوں کے والدین کے علاوہ عام افراد نے بھی شرکت کی جنہوں نے ان مقابلہ جات کو دیکھا اور بچوں میں موجود ٹیلنٹ کو سراہتے ہوئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولوں کے فروغ تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت اور اصلاح کے مشن کی تعریف کی۔ اس بات کا اعتراف بھی کیا کہ غزالی ایجوکیشن سکولز سسٹم تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت کا بھی ایک منفرد ادارہ ہے۔ ان کے سکولوں میں پڑھنے والے بچے اچھے کھلاڑی ضرور ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ اچھے طالبعلم اور معاشرے کے مفید شہری بھی ہیں۔ اس کے علاوہ بہل، ترنڈہ مولویاں، روڈی، میانوالی، تری خیل، محمود والا، احمد خانوالہ، کونتریلہ اور مستالہ کے سکولوں میں بھی مختلف کھیلوں کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے ہوئے۔ جن میں بچوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ غزالی سکول محمود والا بھکر کی بچیوں میں مختلف اور منفرد نوعیت کے مقابلے منعقد ہوئے۔ جن میں مہندی کا مقابلہ، ڈرائینگ، سیب اور سویاں کھانے کا مقابلہ، غباروں میں ہوا بھرنا، میوزیکل چیئر، ریس، باسکٹ بال، سمیت بے شمار دلچسپ مقابلے شامل تھے۔ جن میں اساتذہ اور والدین سمیت حکام بالا کو اس امر کا احساس دلایا گیا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں بچوں کی ذہنی نشونما میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں اس لحاظ سے ایسی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی حکومتی سطح پر بہت ضروری ہے۔ دریں اثناء غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کے مطالعاتی دورے بھی ہوئے۔ مختلف سکولوں سے موصول ہونے والی رپورٹوں کے مطابق غزالی سکولز کے طلبہ و طالبات مینار پاکستان، بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، گلشن اقبال پارک، مقبرہ جہانگیر، کلر کہار، تخت بابری، کھیوڑہ، ملتان میں حضرت بہاؤالدین زکریا کے مزار، محمد بن قاسم قلعہ، نگار خانہ، شمس پارک، عسکری جھیل، بہاولپور چڑیا گھر، میوزیم، کالا باغ ڈیم، جناح بیراج، مسجد لال، دریائے سندھ، لکڑی کا پل، نوابوں کے بنگلے، مری، پنڈی پوائنٹ، چھتر پارک، فیصل مسجد، شکر پڑیاں، تھاکوٹ اور دریائے سندھ سمیت مختلف تاریخی و تفریحی مقامات کی سیر سے لطف اندوز ہوئے۔

# نصابی نشونما کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد بچے کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرتا ہے



## وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے اعلان کردہ ادبی مقابلہ جات میں غزالی سکولز کے طلبہ وطالبات نے بھی بھرپور شرکت کی

حکومت پنجاب کی طرف سے صوبے بھر کے سکولوں میں اعلان کردہ ادبی مقابلہ جات (تقریری مقابلے ومقابلہ مضمون نویسی) کا انعقاد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تحت قائم کردہ سکولوں میں بھی ہوا۔ جس میں تمام غزالی سکولز کے بیشتر طلبہ وطالبات نے حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے والی اس اہم اور مثبت سرگرمی نے انہیں مشکل ماحول سے نبرد آزما ہونے کے لئے تیار کیا۔ اس موقع پر 9 اضلاع (منڈی بہاؤالدین، ٹوبہ ٹیک سنگھ، بھکر، فیصل آباد، مظفر آباد، گجرات، نارووال، اور چکوال) کے سکولوں کے بچوں نے ان مقابلوں میں حصہ لیا۔ ان مقابلوں کے تحت غزالی ایجوکیشن سکول فیصل آباد کے گاؤں 79 ج ب ہائی سکول کے طالبعلم محمد سرور جاوید نے مضمون نویسی اور تقریر کے مقابلوں میں مرکز لیول پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ اسی سکول کے طالبعلم انوار الحق نے مضمون نویسی کے مقابلے میں سکول کی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مضمون نویسی اور تقریر کے مقابلے میں غزالی سکول 183 گ ب کلاس سوئم کے طالبعلم مزمل فاروق نے تقریر کے مقابلے میں اول پوزیشن حاصل کی جبکہ اسی سکول نے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اول آنے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بھگوال ضلع چکوال کے طالبعلم امیر حمزہ نے تقریری مقابلے میں مرکز، تحصیل اور ضلع کی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر ضلع چکوال کے معروف شاعر قاضی باقر نے امیر حمزہ کو سال ہذا کا بہترین مقرر قرار دیا۔ اسی طرح غزالی سکول مکیانہ کی کلاس ہشتم کی ہونہار طالبہ ندا طاہر نے انگلش تقریر اور انگلش زبان میں مقابلہ مضمون نویسی میں ضلع میں دوسری پوزیشن جبکہ طالبعلم عبدالرحمان نے اردو زبان میں مقابلہ مضمون نویسی میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول محمود والا کے طالبعلم محمد عدنان نے انگریزی زبان میں مقابلہ مضمون نویسی میں مرکز کی سطح پر ٹاپ کیا۔

ان اضلاع کی مقابلہ جات کی دیگر تفصیل اور انعامات جیتنے والے طلبہ کی فہرست درج ذیل ہے:

## وزیر اعلیٰ پنجاب ادبی مقابلہ جات (دسمبر 2008) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز

منڈی بہاؤالدین۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ بھکر۔ فیصل آباد (شمالی، جنوبی)۔ مظفر گڑھ۔ گجرات۔ نارووال۔ چکوال

### ضلع میں پوزیشن

| | | |
|---|---|---|
| ضلع چکوال | تقریری مقابلہ میں پہلی پوزیشن | محمد امیر حمزہ کلاس ہفتم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بھگوال |

### تحصیل میں پوزیشن

| | | |
|---|---|---|
| تحصیل کلورکوٹ | تقریری مقابلہ میں پہلی پوزیشن | محمد فہد رفیق کلاس پنجم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول محمود والہ |
| تحصیل مظفر گڑھ | تقریری مقابلہ میں تیسری پوزیشن | عمارہ نورین کلاس ششم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول عثمان کوریہ |
| تحصیل مظفر گڑھ | مضمون نویسی میں پہلی پوزیشن | جمیلہ رفیق کلاس پنجم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول عثمان کوریہ |
| تحصیل مظفر گڑھ | مضمون نویسی میں دوسری پوزیشن | صائمہ رفیق کلاس ہفتم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول عثمان کوریہ |

### مرکز کی سطح پر پوزیشن

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون نویسی | اول 05 | دوم 02 | سوم 03 |
| تقریری مقابلہ جات | اول 04 | دوم 02 | سوم 01 |

# میٹنگز کارنر

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کے شعبہ جات کے ذمہ داران کی ششماہی میٹنگ گذشتہ ماہ ہیڈ آفس میں ہوئی جس میں تمام ڈیپارٹمنٹس کی گذشتہ چھ ماہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ یہ میٹنگ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود کی زیرِ صدارت ہوئی جس میں مشتاق احمد مانگٹ اور عامر محمود چیمہ سمیت بورڈ آف ڈائریکٹرز کے بیشتر ارکان کے علاوہ دیگر اہم ذمہ داران میں چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لیاقت بلوچ، غزالی ٹرسٹ کے صدر سید وقاص انجم جعفری، ین کے ڈاکٹر شعیب، دعوۃ اکیڈمی چلڈرن لٹریچر پراجیکٹ کے سربراہ افتخار کھوکھر، یوکے اسلامک مشن کے رہنما سید شوکت محمود کی شرکت نمایاں تھی۔ اجلاس میں ہیڈ آفس کے تمام شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ان کی مزید بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں دوسرے ممالک سے آنے والے ذمہ داران نے بھی اپنے اپنے ممالک میں ہونے والے تعلیمی تجربات سے ٹرسٹ کے ذمہ داران کو آگاہ کیا۔

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام اضلاع میں متعین ڈی ایم ایس (ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز) کی ششماہی میٹنگ ہیڈ آفس میں ہوئی جس میں 30 اضلاع کے ڈی ایم ایس نے شرکت کی۔ اور چھ ماہ کی کارکردگی رپورٹ اور آئندہ کی پلاننگ پیش کی۔ اس کے ساتھ ساتھ آئندہ کے اہداف کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس اجلاس کی صدارت مینیجر سکولز شہید الحق ظفر نے کی جبکہ مرکزی صدر سید وقاص انجم جعفری اور دیگر ذمہ داران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صدر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے مشترکہ طور پر اجلاس میں تمام ڈسٹرکٹ مینیجرز کی جانب سے موصول ہونے والی سکولوں کی تعلیمی رپورٹوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا اور اس امر پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فروغ تعلیم کے مشن میں ان کے کردار کی تعریف کی۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پاکستان کے دیہی علاقوں میں علم کا نور پھیلا رہا ہے اور یہ بات ہمارے لئے انتہائی حوصلہ افزاء ہے کہ اجلاس میں شامل تمام ڈسٹرکٹ مینیجرز کم وسائل کے باوجود ثابت قدمی کے ساتھ فروغ علم کے سلسلے میں ہمارا ساتھ دے رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر کی طرف بھی توجہ دلائی کہ ہمیں کم وسائل میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کی ضرورت ہے تاکہ ہمارے سکولز معیار کی علامت بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لئے عملی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ اگر ہم اپنے مقصد کے حصول کے لئے وسائل کی پرواکئے بغیر ڈٹے رہے تو وہ دن دور نہیں جب ہم اپنی آنکھوں کے سامنے غریب بچوں کو علم کی دولت سے سیراب ہوتے اور تعلیم کو ملک کے کونے کونے میں پھیلتا دیکھیں گے۔

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا سالانہ اجلاس چیئرمین ٹرسٹ لیاقت بلوچ کی زیرِ صدارت غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوا جس میں ٹرسٹ کی گذشتہ پورے سال کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ تمام اضلاع میں قائم سکولوں کی تعلیمی کارکردگی کا مجموعی جائزہ بھی لیا گیا۔ اجلاس میں غزالی سکولز میں معیارِ تعلیم کی بہتری کے ضمن میں تربیت اساتذہ پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیا گیا جبکہ صوبہ بلوچستان میں تعلیمی پراجیکٹ شروع کرنے کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز زیرِ غور آئیں۔ فنڈ ریزنگ بہتر بنانے اور سکولوں کو مستحکم بنانے کے لئے ترجیحات اور آئندہ کی پلاننگ پر مشاورت بھی کی گئی۔ اراکین بورڈ نے ٹرسٹ کے تعلیمی محاذ پر کئے جانے والے کام میں استحکام اور اضافے کو خوش آئند قرار دیا۔

- سکولز کی بہتری اور طلبہ و طالبات کی تعلیمی کارکردگی پر مشاورت کے لئے ہر ماہ لوکل سکول کمیٹی LSC کے ساتھ سکول انتظامیہ کی میٹنگ منعقد کی جاتی ہیں جن میں مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوتا ہے۔ اس ضمن میں گذشتہ ماہ مختلف سکولوں میں اوسطاً 36 میٹنگز ہوئیں۔ یہ میٹنگز اعتماد سازی کا ایک اہم ذریعہ ہیں اور جہاں یہ سکول انتظامیہ میں یہ احساس پیدا کرتی ہیں کہ انہیں علاقے کے لوگوں کا مکمل تعاون حاصل ہے وہیں علاقے کے افراد کو بھی یہ باور کراتی ہیں کہ سکول انتظامیہ طلبہ و طالبات کے بہتر مستقبل کے لئے کوشاں ہے اور ان کی تعلیم و تربیت کی جانب سکول انتظامیہ پوری یکسوئی کے ساتھ توجہ رکھے ہوئے ہے۔

# دورہ جات

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور پروگرام کوارڈینیٹر محمد طارق جاوید نے اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق اڈہ پل ترانوے فیصل آباد، سندہ منڈی بہاؤالدین، میانوالی اور کالا باغ کے مختلف سکولوں کا دورہ کیا اور اساتذہ و طلبہ، ان کے والدین اور مقامی کمیونٹی سے ملاقاتیں کرکے سکول کے متعلق انہیں درپیش مشکلات اور تاثرات سننے کے بعد ان کے ازالے کی صورت یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ بعدازاں انہوں نے سندہ سکول منڈی بہاؤالدین میں ٹرسٹ کے اہم ڈونرز افتخار احمد (ناروے)، احمد بخش (ناروے) سے بھی ملاقاتیں کیں جنہوں نے غزالی ٹرسٹ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے سکول کی بلڈنگ کی تعمیر و توسیع کے سلسلے میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ سرگودھا، میانوالی، تری خیل، کالا باغ، ٹبہ قریشیاں اور شاہد خیل کے سکولوں کا بھی وزٹ کیا گیا جہاں بچوں کی تعلیمی صورتحال اور نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورہ جات کے دوران ان اضلاع کے ڈسٹرکٹ مینیجرز اور دیگر اہم افراد کے ساتھ بھی خصوصی نشستیں ہوئیں اور غزالی سکولز کے نیٹ ورک میں مزید وسعت اور بہتری کے حوالے سے لائحہ عمل بھی طے کیا گیا۔

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈیپارٹمنٹ ''پریپ'' کے مینیجر شہید الحق ظفر نے میران آباد جہلم کے سکولوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے لوکل سکول کمیٹی LSC کے ساتھ میٹنگ بھی کی جس میں انہوں نے سکول کے بچوں کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ان کے نتائج کی بہتری کے سلسلے میں مزید اقدامات کرنے کی ہدایات کیں۔ دریں اثناء انہوں نے سکول کے سٹاف اور بچوں کے والدین کے ساتھ بھی میٹنگز کیں جس میں انہوں نے طلبہ و طالبات کی تعلیمی کارکردگی کی بہتری کے لئے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا اور انہیں اس امر کا احساس دلایا کہ اساتذہ ہی بہترین نسل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

- پروگرام کوارڈینیٹر طارق جاوید نے بھی جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جہلم، شیخوپورہ اور فیصل آباد کے سکولوں کا دورہ کیا اور وہاں کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس ضمن میں انہوں نے ان سکولوں کے سٹاف کے ساتھ بھی میٹنگز کیں اور کلاسوں کی چیکنگ کے ساتھ ساتھ طلبہ کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ انہوں نے تسلی بخش کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

# ملاقاتیں



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اہم معاون شہریار خان (سعودی عرب)، ڈاکٹر شعیب (بحرین)، اظہر علی (ناروے)، دلاور بھٹی و محمد صادق (پی ایف ایل)، محمد اکرم (جرمنی) افتخار احمد (ناروے)، احمد بخش (ناروے)، شاہد محمود (کویت) فیصل ٹھاکر (دی ٹرسٹ سکول)، صوفیہ عزیز (پلان انٹرنیشنل) اور حمیرا حسین (وی ایس او) کے ساتھ ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے ہیڈ آفس میں تفصیلی ملاقاتیں کیں اور مستقبل میں شروع ہونے والے مختلف پراجیکٹس سمیت بیشتر تعلیمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

## سات روزہ SBMT ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے ہمیشہ معیاری تعلیم کی ضرورت پر زور دیا ہے اور معیاری تعلیم میں اساتذہ کی دور حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں اساتذہ کی ٹریننگ کو بنیادی فوقیت حاصل ہے۔ اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ''ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپ'' کا باقاعدگی کے ساتھ اہتمام کیا جاتا ہے۔ جن میں نصابی مضامین کی تدرس کے حوالے سے اساتذہ کو مختلف ہدایات دی جاتی ہیں اور درپیش مشکلات کے حل کے سلسلے میں ان کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ اسی ضمن میں سائنس، ریاضی اور انگلش کے مضامین کے لئے سات روزہ **SBMT** ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ورکشاپ غزالی ٹریننگ سنٹر لاہور میں ہوئی۔ جس میں پنجاب بھر سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کے منتخب اساتذہ اور پرنسپل شریک ہوئے جنہیں مذکورہ مضامین کے بارے میں ٹیچنگ **Skills** کے بارے میں آگاہ اور مواد مہیا کیا گیا۔


## ایک ماہ میں 431 دروس قرآن غزالی سکولز کی بے مثال کارکردگی

تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت غزالی ایجوکیشن سکولز کا طرہ امتیاز ہے۔ غزالی سکولز کے سامنے یہ بات سرفہرست ہے کہ طلبہ کو دین کا کم از کم بنیادی علم ضرور ہو کیونکہ قرآن کی دعوت وہ دعوت ہے جس کی جانب بڑھ کر ہی انسان کامیاب ہوسکتا ہے۔ اس امر کا احساس دلانے کے لئے غزالی ٹرسٹ کے 278 سکولوں کے 34600 طلبہ و طالبات کے لئے ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ دروس قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں طلبہ و طالبات کے ساتھ ساتھ ان کے والدین اور علاقے کے لوگوں کو بھی مدعو کیا جاتا ہے اس ضمن میں گذشتہ ماہ 431 دروس قرآن کی محافل منعقد ہوئیں۔ جن میں سامعین تک اللہ اور اس کے رسولؐ کے احکامات پہنچا کر ان کے دلوں میں حب رسولؐ کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ بچوں کے والدین اور اہل علاقہ نے غزالی سکولز کی اس روش پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ یہ ادارہ ان کے بچوں کی دنیا سنوارنے کے ساتھ ساتھ انہیں دین کے ساتھ وابستہ کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

## غزالی سکول سرگودھا (دھریما) کا اعزاز:

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول سرگودھا (دھریما) کا سالانہ رزلٹ انتہائی شاندار رہا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل کی سطح پر پرائمری کلاسز کی پہلی 20 میں سے 16 پوزیشنیں غزالی سکول دھریما کے حصے میں آئیں جبکہ مڈل کلاس کے پہلی 16 میں سے 12 پوزیشنوں کا حقدار بھی یہی سکول ٹھہرا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے سکول کی انتظامیہ، کامیاب طلبہ اور ان کے والدین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور سکول کے نتائج پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

## ایگزیکٹو ورکشاپ





غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام مینیجرز اور آفیسرز کے لئے ایک ٹریننگ ورکشاپ منعقد کی گئی جسے ''ایگزیکٹو ٹریننگ ورکشاپ'' کا نام دیا گیا۔ اس ورکشاپ میں تعلیم کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث ہوئی۔ ورکشاپ کے مقررین میں چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لیاقت بلوچ، صدر ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود، مولانا سرفراز احمد، معروف ماہر تعلیم سلیم منصور خالد، پروفیسر راؤ جلیل احمد، ملک محمد حسین، ریکٹر یو ایم ٹی ڈاکٹر حسن صہیب مراد، دارِ ارقم سکولز سسٹم کے جنرل مینیجر آصف وسیم، اور دی ایجوکیٹر کے فیصل ٹھاکر شامل تھے۔ ورکشاپ میں درج ذیل موضوعات پر گفتگو ہوئی۔

قرآن کا تصور تعلیم، پاکستان کا تعلیمی پس منظر و پیش منظر، دیگر تعلیمی نیٹ ورکس اور ان کے طریقہ کار، اسلامی اور مغربی تصور تعلیم اور اس کی موجودہ اشکال، تعلیمی ادارے ...... کامیابیاں اور ناکامیاں، جدید عالمی تعلیمی رجحانات، تبدیلی بذریعہ تعلیم

مقررین نے اپنی اپنی گفتگو میں موجودہ تعلیمی پالیسیوں کا تجزیہ کیا اور اپنے تجربات کا نچوڑ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد اپنے سکولوں کو کوالٹی سکولوں میں ڈھالنا ہونا چاہئے تاکہ معاشرے پر اپنا ٹھوس اور مثبت پیغام پہنچا سکیں۔ مغرب میں صالحیت کا فقدان اور صلاحیت کی زیادتی ہے مگر ہمارے ہاں ان دونوں کی اہمیت ہے اور یہی چیز ہمیں مغرب کے نظام تعلیم سے جدا کرتی ہے۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ ہمارا تربیتی ماڈل طالبعلم کو صالحیت اور صلاحیت کے امتزاج میں ڈھالنا ہونا چاہئے۔ ہمارے نظام تعلیم کا بنیادی کام یہ ہونا چاہئے کہ وہ ہمارے بچوں کو اس قابل بنا سکے کہ وہ اپنے بارے میں خود سوچیں اور نیکی اور بدی میں تمیز کرتے ہوئے اپنا راستہ خود متعین کرسکیں۔ ڈاکٹر حسن صہیب مراد نے بہتر تعلیمی نظام کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے دس نکات بھی پیش کئے اور کہا کہ اگر ان نکات کو سکولوں میں لاگو کردیا جائے اور نظام کا حصہ بنا دیا جائے تو تعلیمی نظام میں بہتری کی امید کی جاسکتی ہے۔

آخر میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص انجم جعفری نے شرکاء میں سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کئے۔



## HHRD, Director International Relation Visited GET Head office:

Mr.Irfan Khursheed Director international relation HHRD USA and Mr. Fazal-ur-Rehman Country Manger Pakistan visited GET head office and met with the Vice Chairman GET Dr.Ishtiaq Ahmad Gondal and President GET Syed Waqas Jafri and discussed the bilateral issues regarding sponsored projects. They also committed to make the next coming visit of GET president Syed Waqas Jafri to USA more fruitful.



## Female Teachers Training sported by Foundation of the faithful

No one can deny the importance of female Teacher Training for rendering quality education. FOF USA is also providing assistance to GET in Female Teachers Training enabling the female teachers to be familiar with modern pedagogical techniques and enhancing their teaching skills. These trainings surely help to improve the quality of education in our schools. Almost 650 female teachers & principals are being benefited from the project in this year however; many other training programmes have also been executed on need basis.

Recently at the end of the session GET has arranged a 3 day Pre-posting training workshop in Lahore for female teachers in which almost 400 female teachers have participated they benefited from the lecture on different topics and group work during the workshop. All the participants expressed their gratitude to FOF for providing them such unique type of training facility.



## Congratulation to Muhammad Khalique and Riaz Farooq Sahi.

GET's Trustee and life time members Muhammad Khalique and Ch. Riaz Farooq Sahi are elected President and General Secretary Pakistan Association Dubai in present election. Vice chairman Dr. Ishtiaq Ahmad Gondal and Exective Director Syed Amir Mehmood congratulate them on this great success. They expected that in the leadership of these personalities, there will be great progress in the relations of Dubai and Pakistan in the field of trade, and culture.

## 430 Dars-e-Quran in a month----Nice Development

Education with Islamic Training is Identity of Ghazali Education Trust's schools. Ghazali schools always emphasized on teaching basic principles of Islam, so that their students will be able to become practicing successful citizens in their lives. To meet this objective Ghazali Education Trust's schools arranged 431 Dars-e-Quran in one month. Student's teachers and parents participated in these Dars-e-Quran. The message of Allah Almighty was delivered to his peoples, Parents and community on large scale in these programs appreciated this effort for their children towards understanding Islam.

## FOF in Earthquake

With the nice cooperation of FOF USA, GET is providing free of cost education to orphan/Needy students in earthquake area including the provision of books, bags, uniform, shoes etc. FOF USA is also supporting GET for providing basic infrastructure in earthquake area schools

FOF has adopted ~~14~~ 12 schools in earthquake effected areas in which almost 1500 affected children are getting quality education.

We really acknowledge the spirit, pace and achievement of FOF USA to help the orphan/needy girls particularly in education field and believe it praise worthy and remarkable. This is great sign of love, kindness, cooperation and humanism.

One year ago FOF had determined to construct a purpose built campus for earthquake affected students in Batkarar. Now with the blessing of Almighty Allah Ghazali School Batkarar has completed. FOF Board Member Mr.Khawaja Mahmood has participated in the inaugurated ceremony of Batkarar School in third week of May , 2009. Executive Director GET Syed Aamir Mahmood express his special thanks to FOF Board Members for their generous co-operation in the shape of well furnished school building as a gift to the local community.Syed Aamir Mahmood hope that this building will leave good impact on educational capability of the students .

Vol. No.26 Complied by: Resource Mobilization Dept.

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

**Al-Quraan**

'And among His signs is the creation of the heavens and the earth, and the variations in your languages, and your colours: Verily in that are signs for those who know.'

(Surah Ar-Rum verse. 22,)

# Ghazali News

April 2009

**Al-Hadith**

Allah's Messenger (Pbuh) said, "If somebody innovates something which is not present in our religion, then that thing will be rejected."


(Sahih Bukhari, Vol. 3)

E-mail: info@get.org.pk

144/2 F, Model Town, Lahore Ph: 042-5882939, 5850966

Visit us: www.get.org.pk

## Gift of Dar-e-Arqam School Children for Needy Students




Children's of Dar-e-Arqam School carried out the campaign of donation for Needy & Orphan students of Ghazali Education Trust. Through this campaign Pak. Rs.1, 85000/. were collected. This campaign was arranged and helped by Cakes & Bakes. In this admiration Executive Director Ghazali Education Trust Syed Amir Mehmood payed gratitude to owner of Cakes & Bakes Haji Riaz-Ul-Hassan & M.D Dar-e-Arqam Schools Yabseen Khan. Mr. Amir expends his gratitude with the both organizations and expected that their co-operation will continue in future also.



## MOU signed between Helping Hand & GET




The partnership between Helping Hand and Ghazali Education Trust (GET) covers the duration more than a decade to promote education especially in far off, remote and rural areas of Pakistan. In these underdeveloped areas where people are devoid of even basic necessities of life. They cannot afford to bear educational expenses of their children. The pitiable condition of orphans could be imagined.

A Momerendom of understanding has been signed between HHRD and GET for adoption of 400 deserving students and 40 schools at HHRD Islamabad office. Sponsorship funds may provide the orphan/needy students with textbooks, uniforms, school supplies, and tuition, as needed throughout the year.

## Managers Workshop

To offer an opportunity to explore the enhancement of competencies and growth of skills required by District Managers & Head Office Exectives, Ghazali Education Trust arranged a Manager's Workshop on 25-27 March 2009 at Lahore.

Main objectives were to bring upto date district managers & officers on current trends, issue in education. In this work shop follow resource person's deliver their lectures.

Liaqat Baloch (Chairman GET), Syed Waqas Jafri (President GET), Syed Amir Mehmood (ED), Molana Sarfaraz Awan (Religious Scholar), Saleem Mansoor Khalid (Renowned Educationist), Prof. Rao Jaleel (Renowned Educationist), Malik Muhammad Husain (Renowned Educationist), Prof. Hassan Suhaib Muraad (Rector UMT), Asif Waseem(Manager Dar-e- Arqam Schools), Faisal Thakur(The Educators).

A detailed discussion on Pakistani educational policies was rendered by the participants which use to Eminent Scholars Criticized Pakistan educational policies. They blamed Government to lack of vision & commitment. Dr.Hassan Suhaib Murad said Pakistan educational system does not come up to the demand of nation. They presented broad based vision of education in ten points according to him our education system should be consisting of education. They emphasized that home work should not be given to the children. Due to home work, children can not attend many activities, that are necessary for there grooming. They also stress the traditional examination system. At the end of this workshop President GET, Syed Waqas Jafri distributed the certificates among participation.